# ماڈل پیپر مطالعہ پاکستان۔ جماعت دہم

نوٹ: سیکشن الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے MCQs Response Sheet پر درست جواب والے دائرہ میں رنگ بھریں۔

MCQs کی حل شدہ جوابی شیٹ مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کرنا لازمی ہے۔

## سیکشن۔ الف

**وقت:** 15 منٹ　　　　**نمبر:** 10

**سوال نمبر1: ہر جزو کے چار ممکنہ جوابات ہیں۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ پاکستان کے 1973ء کے آئین کی کل دفعات ہیں:

الف) 260　ب) 280　ج) 300　د) 320

2۔ اقوام متحدہ کی نگرانی میں پاکستانی فوجی دستے دنیا کے مختلف ممالک میں تعینات کیے جاتے ہیں جن کا مقصد ہوتا ہے:

الف) حکومت تبدیل کرنا　ب) قبضہ کرنا　ج) جنگ کرنا　د) امن قائم کرنا

3۔ پاکستان کی محمد بن قاسم بندرگاہ کی تعمیر کا ایک بنیادی مقصد تھا:

الف) افغانستان سے تجارت　ب) افریقی ممالک سے تجارت　ج) سٹیل مل کی تعمیر اور تجارتی سرگرمیاں　د) ماہی گیری کی تجارتی سرگرمیاں

4۔ 2000ء میں قائم کیے گئے مقامی حکومتوں کے نظام کے کل مدارج (درجے) تھے:

الف) دو　ب) تین　ج) چار　د) پانچ

5۔ قومی مالیاتی کمیشن کے قیام کا اہم مقصد تھا:

الف) صوبائی مالی خودمختاری　ب) وفاقی مالی خودمختاری　ج) اخراجات میں کمی　د) ٹیکسوں میں اضافہ

6۔ پاکستان میں 15 سے 64 سال کے درمیان کی عمر کی عورتوں کا کل آبادی میں حصہ ہے:

الف) 43.1٪　ب) 43.2٪　ج) 53.3٪　د) 53.6٪

7۔ پاکستان میں تھرمل ذرائع سے بجلی حاصل ہوتی ہے:

الف) 55٪　ب) 60٪　ج) 65٪　د) 70٪

8۔ اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے قائدِ اعظم کا آئین ساز اسمبلی میں خطاب کا اہم نکتہ تھا:

الف) سفری آزادی　ب) مذہبی آزادی　ج) روزگار کی فراہمی　د) خوراک کی فراہمی

9۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اہم مقاصد ہیں:

الف) قومی سلامتی۔ معاشی ترقی۔ معاشرتی برتری　ب)۔ معاشی ترقی۔ عالمی تنہائی۔ قومی سلامتی　ج) قومی سلامتی۔ علاقائی برتری۔ نظریاتی تحفظ　د) قومی سلامتی۔ معاشی ترقی۔ نظریاتی تحفظ

10۔ صنعتیں ملکی ترقی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے کیوں کہ

الف) خام مال کا استعمال کم ہو جاتا ہے　ب) معیار زندگی بہتر ہو جاتا ہے　ج) درآمدات میں اضافہ ہو جاتا ہے　د) برآمدات میں کمی آجاتی ہے

## سیکشن۔ب

**وقت:** 1 گھنٹہ 45 منٹ **کل نمبر:** 24

**2۔ درج ذیل میں کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔**

i۔ نواز شریف پہلی بار کب وزیر اعظم بنے؟ دریائے سندھ کے پانی کی تقسیم کے مسئلے کے حل کے لیے ان کے دور کے دو اہم اقدامات تحریر کریں؟

ii۔ پاکستان امریکی بلاک میں کب شامل ہوا؟ 1965ء اور 1971ء کی پاک بھارت جنگوں میں امریکہ کا رویہ بیان کریں؟

iii۔ پاکستان کی مشترکہ ثقافت کی کوئی سی **تین** خصوصیات تحریر کریں۔

iv۔ اکتوبر 2002ء کے عام انتخابات میں قومی اسمبلی کی کل نشستیں کتنی تھیں۔ نیز ان میں سے مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی نے کتنی کتنی نشستیں حاصل کیں؟

v۔ اسلامی کانفرنس تنظیم (OIC) کے رکن ممالک کی تعداد کتنی ہے؟ اس تنظیم کے کوئی سے **دو** اہم اغراض و مقاصد تحریر کریں؟

vi۔ درآمدات اور برآمدات سے کیا مراد ہے؟ نیز معاشی اصطلاح میں تجارتی خسارہ کسے کہا جاتا ہے؟

vii۔ غربت کے خاتمے کے کوئی سے تین اقدامات تحریر کریں۔

viii۔ کس اہم واقعہ کے بعد پرویز مشرف کی حکومت میں روشن خیال اعتدال پسندی کے الفاظ کا استعمال شروع ہوا؟ نیز مشرف کے نزدیک ان الفاظ سے کیا مراد تھی؟ دو نکات لکھیں۔

ix۔ پاکستان کے کتنے فیصد زیرِ کاشت رقبے کو نہروں سے سیراب کیا جاتا ہے؟ نیز آبپاشی کے دو اہم ذرائع کے نام لکھیں؟

x۔ پاکستانی معاشرہ کو درپیش مسائل میں سے تین اہم مختصراً بیان کریں۔

xi۔ پاکستان کی ملکی دولت کا کتنے فیصد زراعت سے حاصل ہوتا ہے؟ نیز "معیشت میں زراعت کی اہمیت" کے دو اہم نکات تحریر کریں۔

## سیکشن۔ج

**نمبر:** 16

**درج ذیل میں کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔**

3۔ ذوالفقار علی بھٹو نے پہلی مرتبہ کب اور کس حیثیت سے اقتدار سنبھالا؟ نیز بھٹو حکومت کی اہم آٹھ لیبر اصلاحات تحریر کریں۔

4۔ پاکستان میں زرعی پیداوار بڑھانے کے اہم آٹھ اقدامات کی وضاحت کریں۔

5۔ پاکستان کے شہروں اور دیہاتوں میں آبادی کے اعداد و شمار اور وسائل پر درج ذیل چارٹ کی مدد سے ہر عنوان پر دو دو نکات سے تجزیہ کریں۔

| نمبر شمار | عنوانات | شہری و دیہاتی علاقے |
|---|---|---|
| 1 | دونوں میں آبادی کا موجودہ تناسب | |
| 2 | دونوں علاقوں میں آبادی کے مسائل | |
| 3 | بڑھتی آبادی کی وجوہات | |
| 4 | بڑھتی آبادی کے مسائل کا حل | |